میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

پیر،06شوال، 1437ھ 11/07/2016 نمبر:PR16044

صرف خلافت ہی کشمیر کو آزادی دلائے گی

کشمیر کے مسلمان ہندو جارحیت کے خلاف افواج پاکستان کے جہاد کا انتظار کررہے ہیں

ہندو ریاست نے ایک بار پھر کشمیر میں مسلمانوں پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑ ڈالے ہیں۔ 8 جولائی بروز جمعہ مجاہد برہان ونی کی شہادت کے بعد سے مقبوضہ کشمیر میں شروع ہونے مظاہروں میں اب تک بیس سے زائد کشمیری مسلمانوں کو بھارتی سیکیورٹی فورسز نے شہید اور کئی کشمیری رہنماوں کو قید کردیا ہے۔ اس بھارتی وحشت اور درندگی کے خلاف راحیل-نواز حکومت کے دفتر خارجہ نے ایک روایتی بیان جاری کردیا کہ،"ونی اور دیگر کئی معصوم کشمیریوں کا قتل قابل مذمت ہے۔۔۔۔اس قسم کے ظالمانہ اقدامات اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق جموں کشمیر کے بہادرلوگوں کو اپنی حق خود ارادیت کی جدوجہد سے باز نہیں رکھ سکتے"۔

کشمیر سمیت تمام مسلم مقبوضہ علاقوں میں قابض کفار مسلمانوں کی مزاحمتی جدوجہد کو ختم کرنے کے لئے درندگی کی ہر حد کو پار کرتے جارہے ہیں۔ افسوس ناک بات یہ ہے کہ وہ یہ سب کچھ پڑوس میں ہی لاکھوں کی تعداد میں موجود مسلم افواج کی موجودگی کے باوجود کرتے ہیں جیسا کہ افواج پاکستان جو دنیا کی ساتویں بڑی فوج اور اس کی آرمی دنیا کی چھٹی بڑی آرمی ہے۔ کفار کو قطعاً اس بات کا کوئی خوف نہیں ہوتا کہ ان کا ظلم و ستم ان عظیم مسلم افواج کو حرکت میں آنے پر مجبور نہ کردے کیونکہ انہیں اس بات کا یقین ہوتا ہے کہ سیاسی و فوجی قیادت میں موجود غدار کسی صورت مظلوم مسلمانوں کو کفار کے ظلم و ستم سے نجات دلانے کے لئے مسلم افواج کو حرکت میں آنے ہی نہ دیں گے۔ اب جب ایک بار پھر قابض ہندو ریاست نے کشمیر میں ظلم و ستم کی نئی تاریخ انھی کے خون سے رقم کردی ہے تو راحیل-نواز حکومت جو افغانستان میں امریکی موجودگی اور اس کے بزدل فوجیوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے دو لاکھ کے قریب افواج پاکستان کو قبائلی علاقوں میں بھیج دیتی ہے اور لاکھوں قبائلی مسلمانوں کو اپنے ہی ملک میں کیمپوں میں سالوں تک رہنے پر مجبور کردیتی ہے لیکن کشمیری مسلمانوں کو ہندو ظلم و ستم اور قبضے سے کچھ نجات دلانے کے لئے فوج کی ایک کمپنی تک حرکت میں لانے کے لئے تیار نہیں۔

راحیل-نواز حکومت کے عسکری بازو کی نمائندگی کرنے والے جنرل راحیل ملک میں ہونے والے کسی بھی واقع پر حرکت میں آکر یہ تاثر دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ بہادر اور ایک مضبوط قائد ہے۔ لیکن پچھلے دو سالوں سے لائن آف کنٹرول اور ورکنگ باونڈری پر جاری مسلسل بھارتی جارحیت اور کشمیر میں ہندو ریاست کے ظلم و ستم کے خلاف ان کی بے عملی نے ثابت کردیا ہے کہ وہ مسلمانوں کے دشمنوں کے سامنے نا تو بہادر ہے اور ناہی مضبوط ہے ۔ اگر وہ مضبوط و بہادر قائد ہوتے تو پہلے ہی دن بھارتی جارح افواج کو لائن آف کنٹرول اور ورکنگ باونڈری پر ایسا منہ توڑ جواب دیتے کہ وہ کشمیری مسلمانوں پر ظلم و ستم کرنے سے قبل سو بار سوچتے۔ حقیقت میں جنرل راحیل کی قوت ارادی کمزور ہے اور خود کو امریکہ کی غلامی میں دے کر اپنے آقا کی مرضی کے مطابق ہی کام کرتے ہیں۔ اس نے مکمل طور پر افواج پاکستان کو قبائلی علاقوں میں امریکہ کی جنگ میں ملوث کردیا ہے اور کئی دہائیوں سے جاری افواج پاکستان کی بھارت پر مرکوز توجہ کو ہٹا دیا ہے اور اس طرح بھارت کو افواج پاکستان کے شیروں سے بے خوف کردیا ہے۔

حزب التحریر ولایہ پاکستان واضح کردینا چاہتی ہے کہ مذمتی بیانات، بین الاقوامی برادری سے کردارا دا کرنے کی التجائیں کرنا اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کے مطالبے کرنا کسی صورت نہ تو کشمیر کے مسلمانوں کے

مصائب میں کمی کرسکتا ہے اور نہ ہی انہیں بھارتی قبضے سے نجات دلاسکتا ہے۔ کشمیر کا مسئلہ صرف اسی صورت میں حل ہوگا جب حقیقی مضبوط اور بہادر قائد، جو صرف خلیفہ راشد ہوتا ہے، نبوت کے طریقے پر قائم خلافت کی افواج کو رسول اللہ ﷺ کی غزوہ ہند سے متعلق بشارت کے حصول کے لئے جہاد کا اعلان کرےگا۔ اگر بھارت کشمیر میں چند ہزار مسلم مجاہدین کو دہائیوں سے جاری فوج کشی کے باوجود ختم نہیں کرسکا اور نا ہی مسلمانوں کے دلوں سے جذبہ حریت کو ختم کرسکا تو وہ خلافت کی زبردست افواج کا مقابلہ کیسے کرسکے گا؟ لہٰذا حزب التحریر افواج پاکستان میں موجود مخلص افسران سے مطالبہ کرتی ہے کہ نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کے لئے حزب التحریر کو اس کے امیر شیخ عطا بن خلیل ابو الرشتہ کی قیادت میں نصرۃ فراہم کریں اور اپنے کشمیری مسلمان بھائیوں اور بہنوں کی چیخ و پکار پر لبیک کہیں کیونکہ یہی اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا حکم بھی ہے۔

وَمَا لَكُمْ لاَ تُقَاتِلُونَ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ وَٱلْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ ٱلرِّجَالِ وَٱلنِّسَآءِ وَٱلْوِلْدَانِ ٱلَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَآ أَخْرِجْنَا مِنْ هَـٰذِهِ ٱلْقَرْيَةِ ٱلظَّالِمِ أَهْلُهَا

"بھلا کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں اور ان ناتواں مردوں، عورتوں اور ننھے ننھے بچوں کی آزادی کے لئے جہاد نہ کرو؟ جو یوں دعائیں مانگ رہے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ان ظالموں کی بستی سے ہمیں نجات دے "(النساء:75)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس